سوال

(661)علی کوکرم اللہ وجہہ کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضرت امام علی رضی اللہ عنہ کوکرم اللہ وجہہ کہنا کہاں تک صحیح ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کوکرم اللہ وجہہ کے الفاظ سے دعا دینا درست ہے البتہ یہ دعائیہ الفاظ علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم نیز تابعین اورائمہ مجتہدین رحمہم اللہ تعالیٰ بلکہ اہل ایمان کےلیے ان الفاظ کے ساتھ دعا کی جا سکتی ہے ۔ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ --بنی اسرائیل70 ''اور ہم نے عزت دی ہے آدم کی اولاد کو'' فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ --الفجر15 ''تو کہتا ہے میرے رب نے مجھ کو عزت دی''آپ نےاپنے آپ کو خاکپائے صحابہ رضی اللہ عنہم لکھا ہے اس کی کوئی دلیل ہو تو ہمیں اطلاع دیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

فضائل وخصائل کا بیان ج1ص472

محدث فتویٰ